| | |
|---|---|
| دوستو لینکس آپریٹنگ سسٹم کے سبق میں آپ کا استقبال ہے۔ | 0.00 |
| اس سبق میں ہم کچھ بنیادی کمانڈ کی جانکاری حاصل کریں گے۔ | 0.05 |
| میں اوبنٹو10.04کا استعمال کررہاہوں۔ | 0.10 |
| ہم یہ مان کر چل رہے ہیں کہ لینکس آپریٹنگ سسٹم کی ابتدائی معلومات آپ کوحاصل ہے۔ | 0.12 |
| اگر آپ اس کی جانکاری حاصل کرنا چاہتے ہیں توhttp//spoken-tutorial.orgویب سائٹ پر موجودہے۔ | 0.17 |
| اس سبق میں ہم کمانڈس اور اس کی تفصیل سے واقفیت حاصل کرنے کی کوشش کریں گے ۔ | 0.26 |
| اس کے بعد ہم یہ جاننے کی کوشش کریں گے کہ man کمانڈ استعمال کرکے لینکس میں جانکاری کیسے حاصل کی جاسکتی ہے۔ | 0.33 |
| اب پہلا سوال یہ ہے کہ کمانڈس کیا ہیں؟ | 0.39 |
| آسان لفظوں میں کہیں تو لینکس کمانڈ ایسے الفاظ ہیں ،جب ان کا اجرا کیا جاتا ہے تویہ کچھ ایکشن یا کام کرتے ہیں۔ | 0.43 |
| لینکس کمانڈس شاید ہی چار حروف سے زیادہ کے ہوں‌جیسےls,who,psوغیرہ | 0.52 |
| کمانڈس چھوٹے حروف میں ہوتے ہیں اور یہ کافی حساس ہیں۔چلئے ایک مثال سے اسے سمجھتے ہیں۔ | 0.59 |
| اپلیکیشن مینو میں جائیں۔ | 1.05 |
| ایکسسریز کو منتخب کریں اورموجود آپشن میں سے ٹرمنل پر کلک کریں۔ | 1.08 |
| یاٹرمنل ونڈو کھولنے کے لئے اپنے کی بورڈ پرCtrl Alt T دبائیں۔ | 1.14 |
| اب ہم ایک پرامٹ دیکھ($) سکتے ہیں اورٹھیک اسی کے پاس ایک کرسر بھی ہے،یہیں پر ہمیں کمانڈ ٹائپ کرنا ہے۔ | 1.20 |
| whoٹائپ کریں اورانٹر دبائیں۔ | 1.29 |
| ہم لاگڈ ان یوزرس کے نام دیکھ سکتے ہیں۔حقیقت میں ہم نےWho نام کا کمانڈ دیا ہے جس کے ذریعہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ کون کون سسٹم میں لاگڈ ان ہے۔ | 1.34 |
| لیکن یہ چند حروف پر مشتمل کمانڈ کو متحرک کرنے والی کیا شئے ہے۔ | 1.47 |
| یہ کمانڈ انٹرپریٹرکاکام ہے جسے شیل بھی کہتے ہیں۔ | 1.54 |
| ہم شیل کو اس طرح بھی سمجھ سکتے ہیں کہ یہ ایک پروگرام ہے جو ہمارے اور لینکس سسٹم کے درمیان رابطہ کی طرح کام کرتا ہے۔ | 1.59 |
| ہمیں آپریٹنگ سسٹم میں کمانڈ دینے کی اجازت دیتاہے۔ | 2.08 |
| لینکس میں‌مختلف شیل انسٹال ہونا ممکن ہے جنہیں استعمال کرنے والے اپنی پسند کے مطابق چن سکتے ہیں۔ | 2.13 |
| لینکس پر معیاری شیلbin/shکی شکل میں ہمیشہ موجود رہتا ہے اور اسے بیش(bash )کہتے ہیں۔یہ GNUٹولس میں سے ہے۔ | 2.22 |
| اس سبق میں ہم جن کمانڈس سے واقف ہوں گے وہ کافی عام ہیں اورمعمولی تبدیلی سے زیادہ تر لینکس شیلس پر کام کرتے ہیں۔ | 2.35 |
| پھر بھی ہم اس سبق میں نمونہ کے طورپر شیل کی شکل میں بیش کا استعمال کریں گے۔ | 2.44 |
| ایسا اس لئے کریں گے کیونکہ یہ پسندیدہ شیل ہے اورتقریباًتمام یونیکس میں کارآمد ہے۔ | 2.51 |
| دوسرے شیلس ہیں(Bourne shell(shجو کہ بنیادی ہیں۔(C,shell(cshاور(Korn shell(ksh | 2.58 |
| کون سا شیل ہم استعمال کررہے ہیں اس کو جاننے کے لئے | 3.08 |
| ٹرمنل پر جائیں اور کمانڈecho space dollar in capital SHELL ٹائپ کریں اور انٹر دبائیں۔ | 3.11 |
| عام طور سےbin/bash/آوٹ پٹ ہے جو ہمیں بیش شیل دیتا ہے۔ | 3.27 |
| کئی ایسے طریقے ہیں جن کی مددسے مختلف شیل کو متحرک کرسکتے ہیں،ہم اسے دوسرے سبق میں دیکھیں گے۔ | 3.34 |
| کمانڈس درحقیقت میں فائلس ہیں جن میں پروگرامس ہوتے ہیں جنہیں اکثرCمیں لکھا جاتا ہے۔ | 3.42 |
| یہ فائیلس ڈائرکٹریز میں شامل ہوتی ہیں،کمانڈ کی تخلیق کہاں ہوئی اس کی جانکاری حاصل کرنے کے لئے ٹائپType کمانڈ کا استعمال کرسکتے ہیں۔ | 3.47 |
| کمانڈ پرامٹ پرtype space-ps-ٹائپ کریں اورانٹردبائیں۔ | 3.55 |
| اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ psدراصلbin/ ڈائریکٹری میں موجود ایک فائیل ہے۔ | 4.03 |
| جب ہم کمانڈ پرامٹ پر کمانڈ دیتے ہیں تب شیل،ڈائریکٹریز کی فہرست میں سے کمانڈ سے ملتی ہوئی فائیل کو تلاش کرتا ہے۔ | 4.09 |
| اگر اس نام کی فائیل موجود ہوتی ہے تو پروگرام کا عمل میں آتا ہے ورنہ کمانڈ ناٹ فاونڈ کا میسیج ظاہر کردیتا ہے۔ | 4.18 |
| تلاش کی گئی ڈائریکٹریز کی فہرست Path ویریبل کے ذریعہ معلوم کی جاسکتی ہے جسے ہم بعد میں دیکھیں گے۔ | 4.27 |
| فی الحال اگر ہمیں اس فہرست کو دیکھنا ہے تو ایکو اسپیس ڈالر پاتھ کمانڈ ٹائپ کریں۔ | 4.34 |
| بڑے حروف میں‌اورانٹر دبائیں۔ | 4.44 |
| اس وقت جب کمانڈ کے بارے میں بات ہورہی ہے تو ایک اہم چیز اس سلسلہ کی ہمیں معلوم ہونی چاہئے۔ | 4.52 |
| لینکس کمانڈ دو طرح کی ہوتے ہیں ایک انٹرنل اور دوسرے ایکسٹرنل۔ | 4.57 |
| ایکسٹرنل کمانڈ علاحدہ طور پر فائیل یا پروگرام کی شکل میں موجود رہتی ہے۔ | 5.02 |

| | |
|---|---|
| لینکس میں زیادہ تر کمانڈس اسی قسم کی ہوتی ہیں،لیکن کچھ کمانڈس ایسی ہوتی ہیں جن کی عمل آوری سلیش کے اندرون ہوتی ہےاور وہ علیحدہ فائیل کی شکل میں نہیں ہوتی ہے۔ | 5.07 |
| یہ انٹرنل کمانڈس ہوتی ہے۔ | 5.18 |
| ایکو کمانڈ،جسے ہم بعد میں دیکھے گیں،حقیقت میں ایک انٹرنل کمانڈ ہے۔ | 5.20 |
| ٹرمنل پر جائیں اور کمانڈ ٹائپ کریں۔ | 5.25 |
| type space echoاور انٹردبائیں۔ | 5.33 |
| آوٹ پٹ ایکو کو شیل بلیٹن کی شکل میں ظاہر کرتا ہے۔ | 5.40 |
| لہذا ہمیں فائیل کا نام دینے کے بجائے یہ بتاتا ہے کہ ایکو کمانڈ کی عمل آوری شیل کے لئے انٹرنل ہے اس لئے اسے انٹرنل کمانڈ کہتے ہیں۔ | 5.43 |
| ایک اور چیز جسے ہمیں سمجھنا چاہئے وہ ہے کمانڈ کی تخلیق۔ | 5.56 |
| کمانڈ ایک یا ایک سے زیادہ الفاظ کے ہوسکتے ہیں جوکہ وہائیٹ اسپیس کے ذریعہ جدا کئے ہوئےہوتے ہیں۔ | 6.01 |
| اگر کمانڈ ایک سے زائد الفاظ پر مشتمل ہے،پہلا لفظ کمانڈ کا حقیقی نام ہوتا ہے جب کہ دوسرا لفظ اس کاآرگیومینٹ ہوتا ہے۔ | 6.08 |
| آرگیومنٹس،آپشنس،ایکسپریشن یا فائیلس کے نام ہوسکتے ہیں۔ | 6.16 |
| واضح کئے گئے آپشن کی بنیاد پر ایک کمانڈ جداجدا کام کرسکتا ہے۔ | 6.20 |
| عام طورپران سے پہلے ایک سنگل یا ڈبل مائنس کا نشان ہوتا ہے جسے علی الترتیب شارٹ یا لانگ آپشن کہتے ہیں۔ | 6.26 |
| ٹرمنل ونڈو پر جائیں اور کمانڈس ٹائپ کریں اور ان کے آوٹ پٹس دیکھیں۔ | 6.35 |
| ٹرمنل ونڈو کو کلیر کرنے کے لئے clear ٹائپ کریں۔ | 6.40 |
| اس کے بعدls ٹائپ کریں اور انٹر دبائیں۔ | 6.44 |
| پھر سے کلیر ٹائپ کریں اور انٹر دبائیں۔ | 6.49 |
| ls space minus aٹائپ کریں اور انٹر دبائیں۔ | 6.55 |
| ٹرمنل ونڈو کوکلیر کرنے کے لئے clear ٹائپ کریں۔ | 7.04 |
| اب ls space minus minus all ٹائپ کریں اور انٹر دبائیں۔ | 7.11 |
| پھر سے ٹرمنل کو کلیر کرنے کے لیے کلئیر ٹائپ کریں | 7.19 |
| اب ls space minus d ٹائپ کریں اور انٹر دبائیں. | 7.23 |
| اس موقعہ پر یہ جاننا نہایت ضروری ہے کہ کیسے آپشنس کی تبدیلی سے کمانڈس میں تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ | 7.32 |
| لینکس میں ہمارے پاس کافی کمانڈس ہیں۔ | 7.40 |
| ہر ایک کے کئی سارے آپشنس ہیں۔ | 7.45 |
| کمانڈس کو ایک ساتھ متحد بھی کرسکتے ہیں جسے ہم بعد میں دیکھے گیں۔اب مسئلہ یہ ہے کہ اتنی ساری چیزوں کو ہم کس طرح یاد رکھیں۔ | 7.48 |
| دراصل آپ کو اس کی ضرورت ہی نہیں ہے کیونکہ لینکس میں آن لائن ہیلپ کی سہولت موجود ہے۔ | 7.55 |
| man کمانڈ سسٹم پر سبھی موجود کمانڈ کے بارے میں تفصیلات مہیا کراتا ہے۔ | 8.01 |
| مثال کے طور پر lsکمانڈ کے بارے میں جاننے کے لئے آپ کو ٹرمنل پر جانا پڑے گا۔ | 8.08 |
| manکمانڈ ls آرگیومنٹ کے ساتھ ٹائپ کریں کے جو ہےtype man space ls اور انٹر دبائیں۔ | 8.16 |
| اس سے باہر نکلنے کے لئےq دبائیں۔ | 8.30 |
| man سسٹم کا مینوئیل پیجر ہے،ہر کمانڈ آرگیومنٹ جو man کودیا جاتا ہے وہ عام طور سے ایک پروگرام کا نام،یوٹی لیٹی یا فنکشن ہوتا ہے۔ | 8.35 |
| ان آرگیومنٹ سے جڑے ہوئے مینوئیل پیج کو تلاش کرکے ظاہر کیا جاتا ہے۔ | 8.43 |
| اگرایک سیکشن فراہم کیا گیا ہے، تویہ man کو مینوئیل میں سے اسی سیکشن کی جانب دیکھنے کی ہدایت دے گا۔ | 8.49 |
| اس کے کام کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ موجود سارے سیکشنس میں تلاش کرے اور وہ بھی پہلے سے ترتیب دی ہوئی ترتیب میں اور موجود پیج میں سے پہلا پیج دکھائے،خواہ وہ پیج کئی سیکشنس میں موجود ہو۔ | 8.55 |
| آپ man کمانڈ کی مزید جانکاری کے لئے man کمانڈ کا استعمال کرسکتے ہیں۔ | 9.07 |
| ٹرمنل پر جائیں اورman space man ٹائپ کریں اور انٹر کا بٹن دبائیں۔ | 9.14 |
| اس سے باہر آنے کے لئے qدبائیں۔ | 9.23 |
| man کمانڈ میں کئی آپشنس ہیں۔ | 9.26 |
| یہاں میں آپ کو زیادہ استعمال میں آنے والے کمانڈس کے بارے میں بتاوں گا،بعض دفعہ ہمں صحیح کمانڈ کی جانکاری نہیں ہوتی،ایسی صورت میں ہمیں کیا کرنا چاہئے۔ | 9.30 |
| kman آپشن فراہم کرتا ہے جو ایک کی ورڈ کو لیکر کمانڈ کی فہرست اور ان کے مقاصد کو مختصراً بتاتا ہے۔ | 9.41 |
| مثال کے طور پر ہمیں ڈائریکٹری بنانے کے لئے صحیح کمانڈ کا علم نہیں ہے۔ | 9.50 |
| ایسی حالت میں ہم کمانڈ پرامنٹ میں جاکرman space minus k space directories ٹائپ کریں اور انٹر دبائیں۔ | 9.56 |
| اب ہم ہرایک کمانڈ کو تلاش کرسکتے ہیں تاکہ دیکھ لیں کہ حقیقت میں ہمیں کیا چاہئے۔ | 10.12 |

| | |
|---|---|
| 10.17 | یہی چیزaproposکمانڈ کو استعمال کرکے بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ |
| 10.21 | کمانڈ پرامنٹ پرapropos space directoriesٹائپ کریں اور آوٹ پٹ دیکھنے کے لئے انٹر دبائیں۔ |
| 10.36 | کبھی ہمیں زیادہ تفصیل کی ضرورت نہیں ہوتی،ہمیں صرف یہ جاننا ہوتا ہے کہ کوئی کمانڈ کیا کرتا ہے۔ |
| 10.40 | اس کے لئے ہمیںwhat کمانڈ یاman-fکمانڈ کا استعمال کرسکتے ہیں۔دونوں ہی کمانڈ کے تعلق سے ایک سطر کی تفصیل فراہم کراتے ہیں۔ |
| 10.52 | ٹرمنل پر جائیں ،اسے کلیر کرنے کے لئےclearٹائپ کریں۔ |
| 10.58 | ابwhat is space lsٹائپ کریں اور انٹر دبادیں۔ |
| 11.06 | کچھ کمانڈس کے کئی آپشنس ہوتے ہیں۔یہ بھی ممکن ہے کہ ہم کماندس کے مختلف آپشنس کی فہرست کی جانکاری ہمیں مطلوب ہو۔ |
| 11.13 | تب ہمhelpآپشن کا استعمال کرتے ہیں۔ |
| 11.18 | اس کے لئے کمانڈ پرامٹ پر جائیں ls space minus minus helpٹائپ کریں اور انٹردبائیں۔ |
| 11.29 | میں اوپر اسکرول کرونگا تاکہ آپ اس مینوئیل پیج پرسارے آپشنس دیکھ لیں۔ |
| 11.45 | لینکس سبق کے اس حصہ کے لئے بس اتنا ہی۔یہ سبق ٹاک ٹو اے ٹیچر پراجکٹ کا ایک حصہ ہے، جسے قومی تعلیمی مشن کا بذریعہ ICT  تعاون حاصل ہے۔ |
| 11.56 | مزید جانکاری اس لنک پر موجود ہے۔<br>http://spoken-tutorial.org/NMEICT-Intro |
| 12.00 | اس اسکرپٹ کو ڈاکٹر سید محمد مجتبیٰ حسین نے ترتیب دیا ہے ۔اس سبق میں شامل ہونے کے لئے آپ کا شکریہ۔ |